ASHRAF ALI THANVI ATTESTATION IN AL MUHANNAD AND ACTUAL PASSAGES OF TAQWIYATUL EMAAN

COMPILED BY

KABEER AHMED SHAIK



ASHRAF ALI THANVI ATTESTATION IN AL MUHANNAD AND ACTUAL PASSAGES OF TAQWIYATUL EMAAN

Can you refute or defend something which does not exist?

Compiled By:


Kabeer Ahmed Shaik


Introduction:

Al Muhannad[1] *is a book published by Deobandi scholars of India after a few years of* ***Hussamul Harmain***[2]*. Till today deobandis are claiming that, Al Muhannad is a response to Hussamul Harmain. But the fact is there is no correlation between these two books. For more details you can refer the books mentioned at the end of this paper.*

There are ***26 questions*** *with answers are recorded in Al Muhannad. We will be discussing only one question which is related to the passage of Taqwiyatul Emaan and attestation of Ashraf Ali Thanvi Sahab in Al Muhannad.*

Note: *The purpose of this work is just to show the fraudulent and lies in Al Muhannad related to hiding the creed of deobandis. What is the meaning and explanation of the actual passage is not applicable here and hence the same will not be discussed.*





---

[1]*Al Muhannad, This book is written by Khaleel Ahmed Saharanpuri Sahab to defend their scholars and claim this is a response to Hussamul Harmain. In reality it does not have any correlation with Hussamul Harmain.*

[2]*Hussamul Harmain, The historical verdict of Imam Ahmed Raza Khan Rahmathullah Alaihi against 4 prominent scholars of deoband for their corrupted and blasphemy passages from various books. All the 4 scholars were declared as kafir by ulama Haramayn.*

Now refer below question No. 17 from Al Muhannad.

و بهتان بلا امتراء ما حملهم علی ذلک الا الحقد و الشحناء والحسد والبغضاء لا هل الله تعالیٰ وخواص عباده وکذلک جرت السنة الا لهية فی انبیائه و اولیائه.

السوال السابع عشر

هل تقولون ان النبی صلی الله علیه وسلم لا یفضل علینا الا کفضل الاخ الاکبر علی الاخ الاصغر لا غیر وهل کتب احد منکم هذا المضمون فی کتاب؟

الجواب

لیس احد منا ولا من اسلافنا الکرام معتقدا بهذا البتة ولا نظن شخصا من ضعفاء الایمان ایضًا یتفوه بمثل هذا الخرافات ومن یقل ان النبی علیه السلام لیس له فضل علینا الا کما یفضل الاخ الاکبر علی الاصغر فنعتقد فی حقه انه خارج عن دائرة الایمان وقد صرحت تصانیف جمیع الا کابر من اسلافنا بخلاف ذلک وقد بینوا و صرحوا وحرروا وجوه فضائله و احساناته علیه السلام علینا معشر الامة بوجوه عدیدة بحیث لا

سترھواں سوال

کیا تم اس کے قائل ہو کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو بس ہم پر ایسی فضیلت ہے جیسے بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے اور کیا تم میں سے کسی نے کسی کتاب میں یہ مضمون لکھا ہے؟

جواب

ہم میں اور ہمارے بزرگوں میں سے کسی کا بھی یہ عقیدہ نہیں ہے اور ہمارے خیال میں کوئی ضعیف الایمان بھی ایسی خرافات زبان سے نہیں نکال سکتا اور جو اس کا قائل ہو کہ نبی کریم علیہ السلام کو ہم پر بس اتنی ہی فضیلت ہے، جتنی بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے، تو اس کے متعلق ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ وہ دائرہ ایمان سے خارج ہے اور ہمارے تمام گزشتہ اکابر کی تصنیفات میں اس عقیدہ واہیہ کا خلاف مصرح ہے اور وہ حضرات جناب رسول اللہ ﷺ کے احسانات اور وجوہ فضائل تمام امت پر تصریح اس قدر بیان کر چکے اور لکھ چکے ہیں کہ سب تو کیا ان میں سے کچھ بھی

یمکن اثبات مثل بعض تلک الوجوه لشخص من الخلائق فضلا عن جملتها وان افتری احد بمثل هذه الخرافات الواهیة علینا او علی اسلافنا فلا اصل له ولا ینبغی ان یلتفت الیه اصلا فان کونه علیه السلام افضل البشر قاطبة واشرف الخلق کافة وسیادته علیه السلام علی المرسلین جمیعا وامامته النبیین من الامور القطعیة التی لایمکن لادنی مسلم ان یتردد فیه اصلا ومع هذا ان نسب الینا احد من امثال هذه الخرافات فلیبین محله من تصانیفنا حتی نظهر علی کل منصف فیهم جهالته وسوء فهمه مع الحاده وسوء تدینه بحوله تعالیٰ وقوته القویة.

مخلوق میں سے کسی شخص کے لیے ثابت نہیں ہوسکتے۔ اگر کوئی شخص ایسے واہیات خرافات کا ہم پر یا ہمارے بزرگوں پر بہتان باندھے وہ بے اصل ہے اور اس کی طرف توجہ بھی مناسب نہیں۔ اس لیے کہ حضرت کا افضل البشر اور تمامی مخلوقات سے اشرف اور جمیع پیغمبروں کا سردار اور سارے نبیوں کا امام ہونا ایسا قطعی امر ہے جس میں ادنی مسلمان بھی تردد نہیں کرسکتا اور باوجود اس کے بھی اگر کوئی شخص ایسی خرافات ہماری جانب منسوب کرے تو اسے ہماری تصنیفات میں موقع ومحل بتانا چاہیے تاکہ ہم ہر سمجھ دار منصف پر اس کی جہالت و بدفہمی اور الحاد و بددینی ظاہر کریں۔


السوال الثامن عشر

هل تقولون ان علم النبی علیه السلام مقتصر علی الاحکام الشرعیة فقط ام اعطی علوم ما متعلقة بالذات والصفات و الافعال للباری عز اسمه والاسرار الخفیة والحکم الالهیة وغیر ذلک مما لم یصل الی سرادقات عمله احد من الخلائق کائنا من کان.

اٹھارھواں سوال

کیا تم اس کے قائل ہو کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو صرف احکام شرعیہ کا علم ہے یا آپ ﷺ کو حق تعالیٰ شانہ کی ذات وصفات وافعال اور مخفی اسرار وحکمت ہائے الٰہیہ وغیرہ کے اس قدر علوم عطاء ہوئے ہیں، جن کے پاس تک مخلوق میں سے کوئی نہیں پہنچ سکتا۔

Refer Ashraf Ali Thanvi Sahab comments about Al Muhannad in Page No. 77.



کلمات بابرکات طبیب الملت حکیم الامت حضرت مولانا الحاج
الحافظ اشرف علی صاحب ادام اللہ فیوضہم

نقربه ونعتقده واكل امر المفترين الى الله وانا اشرف علی التهانوی الحنفی الچشتی ختم الله تعالیٰ له بالخیر.

میں اس کا مقر اور معتقد ہوں اور افتراء کرنے والوں کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے کرتا ہوں۔ میں ہوں اشرف علی تھانوی حنفی چشتی، اللہ خاتمہ بخیر فرمائے۔

Briefly refer the question and answer below.


The question asked was "Do you say that the Prophet ﷺ is not superior to us but like the superiority of an elder brother to a younger brother? Have you written any such passage in any of your books?

They answered "none of their scholars wrote such statement in any of their books. Also they don't possess such belief and also said that even a person who is weak in faith also cannot pronounce such words. They said it was a wrong allegation towards them and it is baseless".

I can say only deobandis can lie like this in a professional and diplomatic manner to defend their scholars. From the above answer and attestation of Ashraf Ali Thanvi Sahab, It is cleared that such type of passage does not exist anymore in any of their scholar books. Those who read Al Muhannad will also think in the same manner that, it was a wrong allegation towards ulama deoband.

There are plenty of books containing the justification of above mentioned passage that our beloved prophet ﷺ has superiority like a brother and have to be respected like a brother and the word brother is being justified with various sources. The question is, as per ***Al Muhannad*** *there were no such passage exist. Then what is the necessity to defend such a statement in various books by various scholars of devbandis and ghair muqallid as well? Insha Allah I will share few books below for complete details.*

The scholars who are in the field are aware that the passage is related to Ismail Dehelvi Book Taqwiyatul Emaan. See the below page.



Taqwiyatul Emaan By Ismail Dehelvi, Page No. 90

مشکوٰۃ کے باب عشرۃ النساء میں لکھا ہے کہ :-

اَخْرَجَ اَحْمَدُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِیْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فَجَاءَ بَعِيْرٌ فَسَجَدَ لَهٗ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَسْجُدُ لَكَ الْبَهَائِمُ وَالشَّجَرُ فَنَحْنُ اَحَقُّ اَنْ نَّسْجُدَ لَكَ فَقَالَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَ اَكْرِمُوْا اَخَاكُمْ۔

امام احمد نے ذکر کیا کہ بی بی عائشہ رض نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین و انصار میں بیٹھے تھے کہ آیا ایک اونٹ پھر اس نے سجدہ کیا پیغمبر خدا کو سو انکے اصحاب کہنے لگے کہ اے پیغمبر خدا تمکو سجدے کرتے ہیں جانور اور درخت سو ہم کو تو ضرور چاہیئے کہ تم کو سجدہ کریں سو فرمایا کہ بندگی کرو اپنے رب کی اور تعظیم کرو اپنے بھائی کی۔

ف :- یعنی انسان آپس میں سب بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اسکی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجیے اور مالک سب کا اللہ ہے بندگی اس کو چاہیئے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء و انبیاء امام و امام زادہ، پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر اللہ نے انکو بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے، ہم انکی فرماں برداری کا حکم کیا ہے، ہم انکے چھوٹے ہیں سو ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہیئے نہ خدا کی سی، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بعضے بزرگوں کو بعضے درخت اور بعضے جانور مانتے ہیں چنانچہ بعضے درگاہوں پر شیر حاضر ہوتے ہیں اور بعضے پر ہاتھی اور بعضے پر بھیڑیے مگر آدمی کو اسکی کچھ سند نہ پکڑنی چاہیئے بلکہ آدمی ویسی ہی تعظیم کرے کہ اللہ نے بتلائی ہو اور شرع میں جائز ہو مثلاً قبروں پر مجاور جتنا شرع میں نہیں بتایا سو ہرگز نہ بنے اور کسی کی قبر پر کوئی شیرات

Firstly, we have proved that, the original passage exists in the book Taqwiyatul Emaan which is an authenticated book according to ulama deoband. The same was not mentioned in Al Muhannad by Khaleel Ahmed Saharanpuri Sahab.


Secondly, let me discuss some basic question as given below for better understanding.

1. *Is Taqwiyatul Emaan a reliable and authenticated book according to ulama deoband?*
2. *Did Ashraf Ali Thanvi Sahab aware of the book Taqwiyatul Emaan before Al Muhannad attestation?*
3. *Did Ashraf Ali Thanvi Sahab aware of the passage about calling our beloved prophet ﷺ as brother? Did he justify the same in any of his books?*
4. *Are there any other books from ulama deoband who are defending the passage mentioned in Al Muhannad & Taqwiyatul Emaan?*


The answer for all above 4 questions is ***YES****. If the answer is YES, then why these justifications are not provided in Al Muhannad? This is the basic question raised when you do your research on this. Let me provide some evidences from ulama deoband books for the above 4 questions so that the points are valid.*

Answer for Question No. 1

There are plenty of books defending Taqwiyatul Emaan and its passages. I am presenting only one book here which is sufficient.



Fatawa Rasheediyah, Page No. 224




فتاوی رشیدیہ ۲۲۴ ایمان اور کفر کے مسائل

کتاب تقویۃ الایمان کے متعلق رائے

(سوال) کتاب تقویۃ الایمان کیسی کتاب ہے اس کو اچھا سمجھنا اور اس کا درس کرنا اور اس پر عمل کرنا کیسا ہے اور مولانا محمد اسحٰق صاحب کو برا سمجھنا اور ان کو کافر و مردود بتانا اور حقیر سمجھنا کیسا ہے اگر کسی کے ماں باپ نماز جماعت و وعظ سننے کو منع کریں تو اس کو چھوڑ دے یا ان کے کہنے کو رد کرے مجھ عاجز کے واسطے دعا کیجئے مجھ کو کوئی دعا تعلیم فرمائیے جس کے ورد سے وسواس ہونا دور ہوں اور اللہ تعالیٰ کی محبت دل میں پیدا ہو اور عشق حضرت رسول اللہ ﷺ کا نصیب ہو۔ آپ سے اللہ واسطے عرض کرتا ہوں۔ فقط والسلام۔

(جواب) کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ اور سچی کتاب اور موجب قوت و اصلاح ایمان کی ہے اور قرآن و حدیث کا مطلب پورا اس میں ہے اس کا مولف ایک مقبول بندہ تھا۔ اور مولانا محمد اسحٰق دہلوی ولی کامل محدث و فقیہ عمدہ مقبولین حق تعالیٰ کے تھے جو کوئی ان دونوں کو کافر یا بد جانتا ہے وہ خود شیطان ملعون حق تعالیٰ کا ہے اور اگر کسی کا باپ یا والد نماز جماعت سے منع کرے یا وعظ سننے سے کسی عالم مقبول متدین کے منع کرے تو قول والدین کا ہرگز نہ مانے بلکہ ان کاموں کو کرتا رہے اور دفع وسوسہ شیطانی کے واسطے لاحول اور استغفار پڑھا کرو۔ فقط السلام۔

Online Fatwa of Darul Uloom Deoband Defending Taqwiyatul Emaan. Also they are recommending to read ***"Ibarat-e-aqaabir"*** *to understand the blasphemy passages of Taqwiyatul Emaan.*



Miscellaneous >> History & Biography

Question # : 1317 — United States of America

Assalam O Alaikum, Is Taqwiyat-ul-Iman reliable book?

Answer : 1317 — Published on: Aug 6, 2007

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(Fatwa: 1165=884/H)

It is an authentic book. For details, please study ***Ibaraat-e-Akaabir*** (written by Hazrat Maulana Sarfaraz Safdar).


Allah knows Best!

Darul Ifta,
Darul Uloom Deoband

Answer for Question No. 2

Ashraf Ali Thanvi Sahab himself describing about Taqwiyatul Emaan and the way how it was written. He also admit that, there will be some issues once the book is released and those acts which are "Shirk Khafi" has been written as "Shirk Jali" etc., Refer the below book Hikayat E Aulia/Arwaah Salaasa.

Hikayat Aulia



Hikayat Aulia, Hikayat No. 59, Page No. 67

گے ۔اس پر بہت شور و شغب ہوا مگر مولانا اور ان کے ساتھی اپنی بات پر جمے رہے اور مشترکہ داخلہ کو بند کرا کے چھوڑا یہ قصہ میں نے یہیں تک سنا تھا جب میں نے اس قصہ کو شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری سے بیان کیا تو انہوں نے فرمایا کہ بس اتنا ہی سنا ہے اس کے بعد فرمایا کہ ایک مرتبہ ملاجیون کے زمانہ میں بھی ایسا ہوا ہے اس وقت بھی مردوں عورتوں کا داخلہ ساتھ ہوتا تھا مگر ملاجیون نے اس کو روکا تھا مگر معلوم نہیں یہ مشترکہ داخلہ کب سے جاری ہو گیا جس کو دوسری دفعہ مولانا شہید نے روکا۔

حکایت (۵۹) خان صاحب نے فرمایا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب نے تقویۃ الایمان اول عربی میں لکھی تھی چنانچہ اس کا ایک نسخہ میرے پاس اور ایک نسخہ مولانا گنگوہی کے پاس اور ایک نسخہ مولوی نصر اللہ خاں خورجوی کے کتب خانہ میں بھی تھا اس کے بعد مولانا نے اس کو اردو میں لکھا اور لکھنے کے بعد اپنے خاص خاص لوگوں کو جمع کیا جن میں سید صاحب مولوی عبدالحی صاحب 'شاہ اسحاق صاحب 'مولانا محمد یعقوب صاحب 'مولوی فرید الدین صاحب مراد آبادی 'مومن خاں 'عبداللہ خاں علوی (استاذ امام ٹنش صہبائی و مولانا مملوک علی صاحب) بھی تھے اور ان کے سامنے تقویت الایمان پیش کی اور فرمایا کہ میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آگئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے[1] مثلاً ان امور کو جو شرک خفی تھے جلی لکھ دیا گیا ہے ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی اشاعت سے شورش ضرور ہو گی اگر میں یہاں رہتا تو ان مضامین کو آٹھ دس برس میں بتدریج بیان کرتا لیکن اس وقت میرا ارادہ حج کا ہے اور وہاں سے واپسی کے بعد عزم جہاد ہے اس لیے میں اس کام سے معذور ہو گیا اور میں دیکھتا ہوں کہ دوسرا اس بار کو اٹھائیگا نہیں اس لیے میں نے یہ کتاب لکھدی ہے گو اس سے شورش ہو گی مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیگی یہ میرا خیال ہے اگر آپ حضرات کی رائے اشاعت کی ہو تو اشاعت کیجاوے ورنہ اسے چاک کر دیا جاوے[2] اس پر ایک شخص نے کہا کہ اشاعت تو ضرور ہونی چاہیے مگر فلاں فلاں مقام پر ترمیم ہونی چاہیے

[1] یہ تشدد تھا اور نہیں۔ (اشرف ص) [2] اس تشدد فی الاصلاح کا سبب مرض کا شدید ہونا ہے ایسے وقت میں تشدد ہی اختیار کرنا پڑتا ہے اور نہیں تو ایسے (اشرف ص)

Hikayat Aulia, Hikayat No. 59, Page No. 68

اس پر مولوی عبدالحی صاحب شاہ اسحاق صاحب اور عبداللہ خاں علوی اور مومن خاں نے مخالفت کی اور کہا کہ ترمیم کی ضرورت نہیں! اس پر آپس میں گفتگو ہوئی اور گفتگو کے بعد بالاتفاق یہ طے پایا کہ ترمیم کی ضرورت نہیں ہے اور اسی طرح شائع ہونی چاہیے چنانچہ اسی طرح اس کی اشاعت ہوگئی اشاعت کے بعد مولانا شہید حج کو تشریف لے گئے اور حج سے واپسی کے بعد چھ مہینے دہلی میں قیام رہا اس زمانہ میں مولانا اسمٰعیل گلی کوچوں میں وعظ فرماتے تھے اور مولوی عبدالحی صاحب مساجد میں چھ مہینے کے بعد جہاد کے لیے تشریف لے گئے یہ قصہ میں نے مولوی عبدالقیوم صاحب اور اپنے استاد میاں جی صاحب وغیرہ سے سنا ہے۔

حکایت (۶۰) خان صاحب نے فرمایا کہ مولانا گنگوہی تقویت الایمان کی نسبت فرماتے تھے کہ اس سے بہت ہی نفع ہوا چنانچہ مولوی اسمٰعیل صاحب کی حیات ہی میں دو ڈھائی لاکھ آدمی درست ہوگئے تھے اور ان کے بعد جو کچھ نفع ہوا[1] اس کا تو اندازہ ہی نہیں ہو سکتا۔


حکایات (۶۱) خان صاحب نے فرمایا کہ مولوی تبارک اللہ صاحب الٰہ آباد کے رہنے والے ایک شخص تھے جو بہت بڈھے اور شاہ عبدالعزیز صاحب کے شاگرد تھے انہوں نے ایک مرتبہ اورنگ آباد میں وعظ کہا وعظ کے بعد ان سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ تقویت الایمان کی نسبت کیا فرماتے ہیں میں اس جلسہ میں موجود تھا میرے سامنے مولوی تبارک اللہ صاحب نے فرمایا کہ جب تقویت الایمان شائع ہو کر الٰہ آباد میں آئی ہے تو لوگوں میں اس کا چرچا ہوا کچھ لوگ مخالف ہوگئے اور کچھ موافق اور آپس میں بحث مباحثہ اور گفتگو ہونے لگیں اس وقت میرے چچا حیات تھے جو بہت ضعیف العمر تھے آنکھوں سے بھی کم دکھائی دیتا تھا اور کانوں سے بھی اونچا سنتے تھے انہوں نے جو یہ رنگ دیکھا تو ایک مرتبہ فرمایا کہ لڑکو میں چند روز سے دیکھ رہا ہوں کہ تم لوگ کچھ ورق ہاتھ میں لیے ہوئے بحث مباحثہ کرتے ہو ہمیں تو بتاؤ کیا بات ہے ہم لوگوں نے کہا کہ جناب ایک

[1] اس پر مولوی نے کار شاد فرمایا آگیا

Answer for Question No. 3

From above Hikayat No. 59 it is clear that, Thanvi Sahab was aware of the book Taqwiyatul Emaan. Now refer the below ***"Imdadul Fatwa, Volume-5, Page No. 389"****, in which Thanvi Sahab is justifying the passages of Taqwiyatul Emaan very clearly which includes the question of* ***Al Muhannad*** *as well. This is wondering that, the same explanation was not provided inside Al Muhannad instead they claimed no such passage exists in their scholar book. Then Thanvi Sahab himself attesting Al Muhannad. This is called contradiction.*

Imdadul Fatwa



Imdadul Fatwa, Volume-5, Page No. 389

سے اور نابالغ بچوں سے سوال قبر نہیں ہوتا، اور اطفال مشرکین کا حال معلوم نہیں۔

۲۷ ربیع الاول ۱۳۲۵ھ (امداد، ج: ۴، ص: ۱۱۹)

ابتداء ثواب وعتاب بعد موت

سوال (۳۳۲) عذاب وثواب مرنے کے بعد ہی شروع ہوجاتا ہے، یا قیامت کے دن کے واسطے ملتوی ہوجاتا ہے، شب معراج میں جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عذاب میں گرفتار شدہ دکھلائے گئے تھے وہ کون لوگ تھے، اور ان کو عذاب قیامت سے قبل کیوں دیا گیا جبکہ قیامت کے روز عذاب وثواب موقوف ہے؟

الجواب۔ مرنے کے بعد عالم برزخ شروع ہوجاتا ہے اس میں عذاب وثواب ہوتا ہے، البتہ قیامت کا عذاب وثواب زیادہ ہے، پس دونوں عذابوں میں ایسی نسبت ہے جیسے جیل خانہ اور حوالات کی تکلیف میں اور شب معراج میں اسی عذاب برزخی کے مبتلا لوگ دیکھے گئے تھے، والسلام فقط

۲۰ جمادی الثانیہ ۱۳۲۵ھ (امداد، ج: ۴، ص: ۱۱۹)


تحقیق بعض کلمات تقویۃ الایمان

سوال (۳۳۳) وہابی کی کتاب تقویۃ الایمان میں لکھا ہے کہ کل مومن اخوۃ یعنی آپس میں سب مومن مسلمان بھائی ہیں، اور یہ بھی لکھا ہے کہ خدا کے آگے پیغمبر ایسے ہیں جیسے۔ چمار چوڑھے، تو آپ اس میں کیا فرماتے ہیں کہ بھائی کہنا درست ہے کہ نہیں، اور چمار چوہڑے کے بارے میں بھی لکھنا ضرور بالضرور تاکیداً لکھا جاتا ہے، کیونکہ یہاں سب مومن مسلمان بھائی ہیں، نفاق پڑا ہے کیونکہ وہابی لوگ کہتے ہیں کہ کہنا درست ہے، اور حضرت کو بڑا بھائی کہتے ہیں اور سب جماعت کہتی ہیں کہ کہنا درست نہیں، لہٰذا براہ مہربانی اس خط کا جواب بہت جلد لکھئے فقط۔


الجواب۔ تقویۃ الایمان میں بعض الفاظ جو سخت واقع ہوگئے، تو اس زمانہ کی جہالت کا علاج تھا، جس طرح قرآن مجید میں عیسیٰ علیہ السلام کو الٰہ ماننے والوں کے مقابلہ میں قل فمن یملك من الله شیئاً ان اراد ان یهلك المسیح بن مریم الخ فرمایا ہے، لیکن مطلب ان الفاظ کا برا نہیں ہے جو غور سے یا سمجھانے سے سمجھ میں آسکتا ہے، لیکن اب جو بعضوں کی عادت ہے کہ ان الفاظ کو بلا ضرورت بھی استعمال کرتے ہیں یہ بے شک بے ادبی اور گستاخی ہے، اگر متنازعین میں انصاف ہوگا، تو ان سطروں سے باہم فیصلہ کرلیں گے، جس کا خلاصہ یہ ہوگا کہ تقویۃ الایمان والوں کو برا بھی نہ کہا جائے اور تقویۃ الایمان کے ان الفاظ کا استعمال بھی نہ کیا جاوے گا، فقط۔ ۲۰ جمادی الثانیہ ۱۳۲۵ھ (امداد، ج: ۴، ص: ۱۲۰)

Answer for Question No. 4

There are plenty of books and fatawas which are justifying the passages of Taqwiyatul Emaan. Till today they are in the same stance and don't consider this to be a blasphemy. I will provide only few references here. You may need to refer those books in detail for more information.



Baraheen-e-qatia, Page No. 7



۷

اس کو امکانِ کذب کا دھبہ لگاتا ہے اور حضرت فخرِ موجودات سرورِ کائنات جسنے خود اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا ہے کہ ایکم مثلی یعنی کون ہے تم میں میری مانند لستُ کاحد منکم یعنی ایک تم میں میری طرح نہیں اور وہ تو وہی ہیں۔ ان کی بیبیوں کی یہ شان عالی ہے کہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا یٰنسآء النبی لستن کاحد من النسآء (ترجمہ) اے نبی کی بیبیو تم عام عورتوں میں سے کسی عورت کی طرح نہیں ہو پھر اس زمانہ میں ایک ادنیٰ سا آدمی ہے کہ وہ کہہ بیٹھے رسول اللہ میرے بھائی ہیں، واضح ہو کہ بھائی جسقدر ہوتے ہیں سب اپنے باپ کے کل ترکہ میں برابر کے شریک ہوتے ہیں، اس لفظ میں ایہام دعویٰ برابری حضرت فخر الانبیاءؐ کے ساتھ ہے معاذ اللہ منہا اب کس کس اختلاف کو بیان کیجئے، ایک کہتا ہے کہ وتر ایک رکعت پڑھو تین رکعت ضرور نہیں،

تو مولف کے پیشوایان کا دین ہے اور مولف اس پر افسوس نہیں کرتا، اور امکان کذب کہ خلف وعید کی فرع ہے جو قدما میں مختلف فیہ ہو چکا ہے اس پر طعن کرتا ہے اس سے حال علم و فہم مولف کا ہر شخص امتحان کر کے دیکھے لفظ قولہ اور حضرت فخر موجودات صلے اللہ علیہ وسلم الخ اقول ایکم مثلی میں مماثلۃ تقرب الی اللہ تعالیٰ کی مراد ہے چنانچہ لفظ انا بعد کا حیطعمنی و یسقینی پر ترجمہ وہ مجھکو کھلاتا اور پلاتا ہے، خود اس پر دلالت کرتا ہے اور ایسا ہی لستن کاحد من النسآء میں نفی مماثلۃ شرف زوجیت[1] ولوازم زوجیت کی مقصود ہے پس کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر عالم علیہ الصلوٰۃ کے تقرب و شرف کمالات میں کسی کو مماثل آپ کا نہیں جانتا، البتہ نفس بشریت میں مماثل آپ کے جملہ بنی آدم ہیں کہ خود حق تعالیٰ فرماتا ہے قل انما انا بشر مثلکم (ترجمہ) کہدیجئے کہ میں تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہوں اور بعد اسکے یوحیٰ الیّ کی قید سے پھر وہی شرفِ تقرب کو بعد اثباتِ مماثلۃ بشریت کے ثابت فرمادیا پس اگر کسی نے بوجہ آدم ہونے کے آپ کو بھائی کہا تو کیا خلاف نفس کے کہدیا وہ تو خود نفس کے موافق ہی کہتا ہے اور فخر عالمؐ نے بھی فرمایا وددت انی قد رایت اخوانی الحدیث (ترجمہ) مجھے پسند ہے کہ میں اپنے بھائیوں کو دیکھوں پس ثابت ہوا بوجہ اولاد آدم ہونے کے کہا اور یہی وجہ قائل کی ہر موافق قرآن و حدیث کے ہے اسپر طعن کرنا قرآن و حدیث پر طعن ہے اور اس کیخلاف کہنا نفس کی مخالفت ہے لہٰذا چونکہ جس نے آپ کو اخ کہا ہے بوجہ اولاد آدمؑ ہونے کے کہا ہے اور تقرب کی مماثلۃ کا وہ ہرگز قائل نہیں تو اسپر طعن سوائے مخالفت نصوص کے اور کیا ہووے گا اور آپ کی ذات کو بشریت سے نکال کر (جو اشرف المخلوقات ہے) کسی دوسری نوع میں داخل کرنا محض گستاخی اور ہتک شان رفیع ہے، سو مولف کو ہنوز یہ بھی خبر نہیں کہ قائل کی کیا مراد ہے اور طعن مولف کا خود قرآن و حدیث پر ہوتا ہے مگر اپنی کم فہمی کی کہانی کہنی ضرور ہے علیٰ ہذا حال آیۃ لستن کاحد من النسآء کا ہے قولہ واضح ہو کہ بھائی جسقدر ہوتے ہیں الخ اقول قریب اخوۃ نفس بشریت میں اور اولاد آدم ہونے میں ہر ایک مساوات نص قرآن ثابت ہے اور کمالات تقرب میں کوئی بھائی کیسے نہ مثل جانے سو طعن بالکل سفسطہ ہے خلاف فہم و عقل کے تامل درکار ہے جیسے کہ وتر کی ایک رکعت احادیث صحاح میں موجود ہے قولہ کہتا ہے کہ وتر کی ایک رکعت الخ اقول وتر کی ایک رکعت احادیث صحاح میں موجود ہے اور عبداللہ بن عمرؓ اور ابن عباسؓ وغیرہما صحابہؓ اس کے مقر اور مالکؒ و شافعیؒ و احمدؒ کا وہ مذہب پھر اس پر طعن کرنا مولف کا ان سب پر طعن ہے کہو اب ایمان کا کیا ٹھکانا جب آنکھ بند کر کے ائمہ مجتہدین پر اور صحابہؓ اور احادیث پر نشتر چلایا پس یہ تحریر بجز جہل کے اور کیا وجہ رکھتی ہے معاذ اللہ منہا،

---

[1] یعنی زوجیت کا شرف اور اس کی وجہ سے جو لوازم مرتب ہوتے ہیں ان کی مثال عام عورتوں میں نہیں ہے منہ کم عفی عنہ ۱۲ غفرلہ

[2] یعنی اگرچہ بہت سے صحابہؓ کرام اور امام اعظمؒ کے نزدیک وتر کی تین رکعتیں ہیں مگر بعض صحابہؓ و ائمہ مجتہدین کے نزدیک وتر کی ایک رکعت ہے سو اس قول پر طعن کرنا الخ

A Critique of Hussamul Harmain, Page No. 80

80

The First Objection: Saying The Messenger ﷺ Is Like A Brother

An allegation made against Mawlana Isma'il Dehlawi is that he says one should not respect and honour the noble Messenger ﷺ any more than one respects and honours an elder brother. (We seek Allah's refuge from this.) It is clear that such a belief is in stark contrast to Islamic Creed and what is commonly believed by Muslims and is clearly an affront to the noble Messenger ﷺ; even a fraction of such *kufr* would take a person out of the fold of Islam immediately.

> In fact, if an innovator rejects any of the primary requisites and fundamentals of faith he is an absolute heretic, even if he recites the Testimony of Faith a million times.[184]

Further on, after recording the beliefs of some sects, he states,

> ...or the filthiness of the heart has motivated him to vilify the lofty and most noble status of the best of all of Creation ﷺ by referring to him as an elder brother or by stating that they [the Prophets of Allah] have perished into dust....All these sects and groups are absolutely out of the fold of Islam.[185]

Another later Breilvi scholar, Mawlana Muhammad Umar, regurgitates the same propaganda in these words:


> It is mentioned in *Taqwiyat al-Iman*, p. 68, that, 'All prophets, saints, Imams, spiritual leaders and guides and martyrs, in essence all those who are close to Allah, they are all still human, needy bondsmen of Allah and our brethren. However, since Allah has granted them a lofty status, they are like older brothers to us'....Imam Abu Dawud has recorded a Hadith in his *Sunan* (vol. 1, p. 3) on the authority of Abu Hurairа that the noble Messenger ﷺ said: 'Indeed, I am to you as a father, I teach you.' When the noble Prophet ﷺ himself proclaims that he is like a father to us, which is further corroborated by the Divine Dictum, 'And his wives are your mothers'[186], and then he [Mawlana Isma'il] has the audacity to call him an elder brother and reject all his supreme virtues![187]

Response

Before going into detail, it is appropriate that we present to the reader the actual and complete paragraph written by Mawlana Isma'il so that the truth can be laid bare. The passage is actually a part of Mawlana Isma'il's commentary on a hadith from *Mishkat al-Masabih*:

> It is reported by Imam Ahmad in the Chapter on Cohabitation with One's Wives in *Mishkat al-Masabih* on the authority of Aisha that once, while the noble Messenger ﷺ was seated amongst the Emigrants and the Helpers, a camel came and prostrated in front of the noble Messenger ﷺ. At this, the companyons at once exclaimed, 'O Messenger of Allah ﷺ! When even animals and trees bow down to you, we are certainly more worthy of prostrating to you.' The noble Messenger ﷺ replied to them: "You must worship none other than your Lord and show respect towards your brother [i.e. himself]."[188]

Fatawa Mahmoodiya



Fatawa Mahmoodiya, Page No. 386

کیا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے؟

سوال [۱۸۳]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے، وہ کس طرح سے ممکن ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدیث پاک میں ارشاد ہے "أنا سید ولد آدم ولا فخر".(۱) حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مرتبہ اللہ پاک کے نزدیک اتنا بلند ہے کہ نہ کوئی فرشتہ اس کو پا سکتا ہے، نہ کوئی پیغمبر (۲)، پھر بڑے بھائی کے برابر کیسے ہو سکتا ہے؟ البتہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بلند مرتبہ کے باوجود حضرت عمر کو بھائی

= صلی اللہ تعالی علیه وسلم، فإن کل رسول اب لأمته فیما یرجع إلی ذلک، وحاصله أنه استدراک من نفی الأبوة الحقیقیة الشرعیة التی یترتب علیها حرمة المصاهرة ونحوها إلی إثبات الأبوة المجازیة اللُّغویة التی هی من شان الرسول صلی الله تعالی علیه وسلم، و تقتضی التوقیر من جانبهم والشفقة من جانبه صلی الله تعالی علیه وسلم ".(روح المعانی، (الأحزاب : ۴۰): ۲۲/ ۳۶، دار الفکر)

(۱) (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر : ۵/ ۳۲۹۱، نزار مصطفی الباز)

(۲) "والمعتقد المعتمد أن أفضل الخلق نبینا حبیب الحق، و قد ادعی بعضهم الإجماع علی ذلک، فقد قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما : إن الله فضّل محمداً علی أهل السماء وعلی الأنبیاء".(شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري، ص: ۱۱۳، قدیمی)

"و أفضل الأنبیاء محمد صلی الله تعالی علیه وسلم لقوله تعالی : ﴿کنتم خیر أمة أخرجت﴾ الآیة".(شرح العقائد النسفیه للتفتازانی، ص : ۱۰۲، المطبع الیوسفی)

"وأفضل الأنبیاء محمد صلی الله تعالی علیه وسلم لقوله تعالی : ﴿کنتم خیر أمة﴾ الآیة و عندنا فی الاستدلال وجهان : أحدهما الإجماع، فهو قول لم یعرف له مخالف من أهل السنة بل من أهل القبلة کلهم، ثانیهما الأحادیث المتظاهرة کقوله صلی الله تعالی علیه وسلم: "إن الله فضّلنی علی الأنبیاء، و فضّل أمتی علی الأمم" رواه الترمذي. وقوله : "أنا سید الناس یوم القیامة" رواه مسلم. و قوله : "أنا أکرم الأولین والآخرین علی الله و لا فخر". رواه الترمذي والدارمي. وقوله : "إذا کان یوم القیامة کنت إمام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر". رواه الترمذی، و أمثالها کثیرة" (النبراس، ص: ۲۸۶، حقانیه ملتان)

Fatawa Rahimiya, Page No. 387

فرمایا ہے(۱) اور امت کو بھی بھائی فرمایا ہے جیسا کہ احادیث میں موجود ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۱/۸۸ھ۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف بھائی کا درجہ دینا

سوال[۱۸۴]: کیا یہ صحیح ہے کہ اگر محنت کریں تو اولیاء اور انبیاء کے درجہ کو پہنچ سکتے ہیں، بعض صاحبان نے تو پیغمبران صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی نسبت لکھا ہے کہ وہ ہمارے بھائی ہیں، اس سے زائد اور کوئی فضیلت نہیں۔ خصوصاً سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں بھی یہی الفاظ استعمال کرتے ہیں، کیا ایسا کہنا صحیح ہے؟ اگر صحیح ہے تو مولانا فرماتے ہیں:

ہمسری با انبیاء پرداختند
اولیاء را خویشتن پنداشتند

جب انبیاء صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی شان بعید از قیاس ہے تو ان کا مقابلہ کرنے والا گمراہ ہے یا کافر؟ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے یا نہیں؟ بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پرتو عکس سے دوزخ جنت، حور وغلمان، آسمان وزمین اور کل کائنات پیدا کئے گئے ہیں، کوئی نماز یا اور اد بغیر درود شریف کے مقبول نہیں، پھر ان کا مقابلہ کرنا یا مثل ان کے اپنے کو سمجھنا درست ہے؟

---

(۱) "عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه استأذن النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم في العمرة فقال: "أي أخي! أشرکنا في دعائک و لا تنسنا". (جامع الترمذی، أحادیث شتی من أبواب الدعوات: ۱۹۶/۲، سعید)

(۲) "و ددت أنا قد رأینا إخواننا" قالوا: أو لسنا إخوانک یا رسول اللہ؟ قال: "أنتم أصحابي، وإخواننا الذین لم یأتوا بعد". (الصحیح لمسلم، کتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة: ۱۲۷/۱، قدیمی)

"وددت أني قد رأیت إخواننا". قالوا: یا رسول اللہ ألسنا إخوانک یا رسول اللہ؟ قال: "أنتم أصحابي، وإخواننا الذین لم یأتوا بعد، وأنا فرطهم علی الحوض". (سنن النسائی، کتاب الطهارة، باب حلیة الوضوء: ۳۵/۱، قدیمی)

(وابن ماجه، أبواب الزهد، باب ذکر الحوض، ص: ۳۱۹، قدیمی)

Fatawa Mahmoodiya, Page No. 388

الجواب حامداً ومصلیاً:

کوئی امتی کسی نبی کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا (۱)، ولایت کے اونچے مقامات پر پہنچنا بعید نہیں مگر جو حضرات پہنچتے ہیں وہ دعویٰ نہیں کرتے اور تکبر نہیں کرتے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ صرف بھائی کے درجہ میں ہیں، اس سے زیادہ ان کی کوئی فضیلت نہیں یہ غلط ہے، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان میں توہین اور گستاخی کرنا کفر ہے (۲)، بلا تحقیق کسی کی طرف کوئی غلط عقیدہ منسوب کرنا درست نہیں، تہمت ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

---

(۱) "و لا یبلغ ولیّ درجة الأنبیاء: لأن الأنبیاء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مکرمون بالوحي ومشاهدة الملک، مأمورون بتبلیغ الأحکام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بکمالات الأولیاء، فما نقل عن بعض الکرامیة من جواز کون الولي أفضل من النبي کفر و ضلال".(شرح العقائد النسفیة للتفتازاني، ص: ۱۶۵، ۱۶۶، قدیمی)

"و منها: أن الولي لایبلغ درجة النبي، لأن الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة، مکرمون بالوحي حتی في المنام و بمشاهدته الملائکة الکرام، مأمورون بتبلیغ الأحکام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بکمالات الأولیاء العظام، فما نقل عن بعض الکرامیة من جواز کون الولي أفضل من النبي کفر و ضلالة و إلحاد و جهالة".(شرح الفقه الأکبر للملا علي القاري، ص: ۱۲۱، قدیمی)


"و لا نفضل أحداً من الأولیاء علی أحد من الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام و نقول: نبي واحد أفضل من جمیع الأولیاء".(العقیدة الطحاویة، ص: ۱۲، قدیمی)

(۲) "والمستنقص له کافر".(مجموعة رسائل ابن عابدین، تنبیه الولاة والحکام علی أحکام شاتم خیر الأنام الخ: ۱/۳۱۶، سهیل اکیڈمی)

"و لو عاب نبیاً یکفر".(خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر: ۴/۳۸۵، امجد اکیڈمی)

"و لو عاب نبیاً کفر". (الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً الثالث في الأنبیاء: ۶/۳۲۷، رشیدیه)

Hadiya Barelviat



Hadiya Barelviat, Page No. 342

عبارت کا موقع محل اور صحیح مفہوم کا علم ہو جائے۔ حضرت اسماعیل شہید نے مشکوٰۃ شریف کی اس حدیث کی تشریح میں وہ عبارت لکھی ہے۔

ترجمہ حدیث: امام احمد نے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ مہاجرین اور انصار میں بیٹھے تھے کہ ایک اونٹ آیا اور آپ کو سجدہ کیا۔ صحابہؓ نے آپ ﷺ سے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول ﷺ آپ کو جانور اور درخت سجدہ کرتے ہیں ہم ان سے زیادہ اس کے حقدار ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا "بندگی کرو اپنے رب کی اور تعظیم کرو اپنے بھائی کی"

"مولانا شہید اس حدیث کے آخری دو فقروں کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"یعنی انسان سب آپس میں بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے۔ سو اس کی تعظیم بڑے بھائی کی سی کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے۔ بندگی اسی کی چاہیئے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء انبیاء امام زادہ، پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی۔ مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی۔ وہ بڑے بھائی ہوئے۔ ہم کو ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے۔ ہم ان کے چھوٹے ہیں سو ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہیئے نہ خدا کی سی"۔

بھائی کی قسمیں


بھائی صرف ایک باپ کے تین لڑکوں ہی کو نہیں کہتے بلکہ بھائی کی کئی قسمیں ہیں۔

بھائی کی مندرجہ ذیل چار قسمیں ہیں۔ (۱) نسبی بھائی (۲) قومی بھائی (۳) جنسی بھائی (۴) دینی بھائی۔

نسبی بھائی: نسبی بھائی سے وہ بھائی مراد ہیں۔ جو ایک باپ کے بیٹے ہوں یا ایک دادا کے دو پوتے ہوں تو انہیں بھی نسبی بھائی کہتے ہیں۔ اس لحاظ سے حضرت علی آنحضرت ﷺ کے بھائی ہیں۔ حضرت علیؓ خود فخریہ طور پر فرماتے ہیں:

ترجمہ: اللہ کے نبی محمد ﷺ میرے بھائی اور خسر ہیں اور سید الشہداء حضرت حمزہ میرے چچا ہیں

Ibarat-e-aqaabir



Ibarat-e-aqaabir, Page No. 65

بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی نگران کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے ۔ مولوی محمد عمر صاحب اس کو نقل کر کے لکھتے ہیں کہ ابوداؤد ج ۱ ص۳۵

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما انا لکم بمنزلۃ الوالد اعلمکم ،

ترجمہ! ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اور کوئی بات نہیں میں تمہارے باپ کے قائم مقام ہوں تمہیں سکھاتا ہوں " نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام بفرمان خود اور بقانون الٰہی اَزْوَاجُہٗ اُمَّھَاتُھُمْ کے بمنزلہ باپ ثابت ہوں اور یہ بھائی کہیں اور آپ کے تمام فضائل کا انکار کریں، انتہیٰ بلفظہٖ ۔

(مقیاس حنفیت ص۳۳۲ طبع اشاعت پریس لاہور)

الجواب ! مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم حضرت مولانا شہید مظلوم رحمۃ اللہ علیہ کی اصل اور پوری عبارت قارئین کرام کے سامنے پیش کر دیں تاکہ حقیقت بالکل بے نقاب ہو جائے ۔ حضرت شہید مظلوم علیہ الرحمۃ ایک حدیث پاک نقل کرتے ہیں جس کے عربی الفاظ ہم بنظر اختصار چھوڑتے ہیں اور حضرت شہیدؒ ہی کا ترجمہ اور ان کی تشریح عرض کرتے ہیں ۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں ۔

ترجمہ مشکوٰۃ کے باب عشرۃ النساء میں لکھا ہے کہ امام احمدؒ نے ذکر کیا کہ بی بی عائشہؓ نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین اور انصار میں بیٹھے تھے کہ آیا ایک اونٹ ، پھر اس نے سجدہ کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ، سو ان کے اصحابؓ کہنے لگے اے پیغمبر خدا تم کو سجدہ کرتے ہیں جانور اور درخت سو ہم کو ضرور چاہئے کہ تم کو سجدہ کریں ، سو فرمایا کہ بندگی کرو اپنے رب کی اور تعظیم کرو اپنے بھائی کی ۔

Ibarat-e-aqaabir, Page No. 66

واصل الفاظِ حدیث یہ ہیں اُعْبُدُوْا رَبَّکُمْ وَاَکْرِمُوْا اَخَاکُمْ ؛


ف ! یعنی انسان سب آپس میں بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے بندگی اسی کو چاہیئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاءؒ و انبیاءؑ و امامؓ زادہ پیرؒ و شہیدؒ یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر ان کو اللہ تعالےٰ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے ہم کو ان کی فرمان برداری کا حکم ہے ہم ان کے چھوٹے ہیں سو ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہیئے نہ خدا کی سی اھ۔ (تقویۃ الایمان ص۱۰ و ص۱۳ طبع کمال ہند پریس دہلی)

اس عبارت میں حضرت شاہ شہید رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وبارک وسلم کے اس ارشاد گرامی کا ترجمہ کیا ہے " وَاَکْرِمُوْا اَخَاکُمْ " کہ تم اپنے بھائی کی یعنی میری تعظیم کرو ۔ اور پھر فائدہ لکھ کر بھائی کے لفظ کو مجمل ہی نہیں چھوڑا بلکہ اس میں اپنی دانست اور عقیدت کے مطابق تعظیم اور احترام کا پہلو ملحوظ رکھا ہے اور یہ بیان کیا ہے کہ وہ بڑے بھائی ہیں اور ہم چھوٹے ہیں ان کی تعظیم و تکریم ہم پر لازم ہے کیونکہ ان کی فرمانبرداری کا ہمیں حکم ہے لیکن نہ تو ان کی بندگی درست ہے کیونکہ وہ مالک نہیں اور نہ آپ کی وہ تعظیم صحیح ہے جو خدا تعالےٰ کی سی تعظیم ہے ۔

غور فرمائیں کہ اس عبارت میں کون سی توہین اور بے ادبی آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وبارک وسلم کی معاذ اللہ تعالےٰ حضرت شہید مظلوم علیہ الرحمۃ نے کی ہے کیا حدیث شریف کا ترجمہ کرنا توہین ہے ؟ یا اس میں اَخ اور بھائی کے لفظ میں تعظیم و احترام کا پہلو اجاگر کرنا توہین ہے ؟

شرعی اعتبار سے تو ان میں سے کوئی امر بھی توہین کا موجب نہیں کیوں کہ خود

Fatawa Haqqaniya, Volume-1



Fatawa Haqqaniya, Volume-1, Page No. 205

تقویۃ الایمان کی بعض عبارات کی وضاحت

سوال:- "تقویۃ الایمان" مؤلفہ حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی مندرجہ ذیل عبارات از روئے شریعت درست ہیں یا نہیں؟

(۱) وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

اور یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۱۲-۱۴ فصل دوم شرک فی العلم کی برائی کا بیان)

لہ قال الشیخ فخر الدین الرازی رحمہ اللہ: المقصود المبالغۃ فی وصف سعۃ الجنۃ وذلک لانہ لا شیء عندنا اعرض منہما ونظیرہ۔ قولہ تعالیٰ: "خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ" فان اطول الاشیاء بقاءً عندنا ہو السمٰوٰت والارض فخوطبنا علی وفق ما عرفناہ فکذا ہٰھُنا۔ (تفسیر الکبیر ج ۳ ص ۴۷ آل عمران ۱۳۳)

(۳) حدیث مشکوٰۃ "باب عشرۃ النساء" اونٹ کے سجدہ کرنے کے تحت آپ لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انبیاء و اولیاء، امام و امام زادہ، پیر و پیرزادہ و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر اُن کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے۔ (تقویۃ الایمان ص۵۰ کتاب العقائد)

ان عبارات کی شرعی حیثیت واضح کریں کہ ان عبارات کی رو سے حضرت شہیدؒ پر کفر کی نسبت درست ہے کہ نہیں؟ اگر درست نہ ہو تو پھر حضرت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کو کافر کہنے والے کا از روئے شریعت کیا حکم ہے؟

Page No. 205

Fatawa Haqqaniya, Volume-1, Page No. 207

(۳) مشکوٰۃ شریف باب عشرۃ النساء میں اونٹ کے سجدہ کرنے کی حدیث یہ ہے:

وعن عائشۃؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان فی نفر من المھاجرین والانصار فجاء بعیر فسجد لہ فقال اصحابہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسجد لک البھائم والشجر فنحن احق ان نسجد لک فقال اعبدوا ربکم واکرموا اخاکم ولو امرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجھا ولو امرھا ان تنقل من جبل اصفر الی جبل اسود ومن جبل اسود الی جبل ابیض کان ینبغی لھا ان تفعلہ۔ رواہ احمد۔ (مشکوٰۃ ص ۲۸۲)


لما قال محمد الطیبیؒ: یعنی اکرموا من ھو بشرٌ مثلکم ومفرع من صلب ابیکم آدم۔
(شرح طیبی ج ص باب عشرۃ النساء ومالکل واحد من الحقوق۔ الفصل الثالث)

۲۰۷

اس سے معلوم ہوا کہ اخ کا اطلاق شریک فی الوصف پر جائز ہے۔ تو اگر شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے "اکرموا اخاکم" سے استنباط کر کے یہ فرمایا کہ انبیاء واولیاء وغیرہم اللہ کے مقرب بندے اور ہمارے بھائی ہیں، تو انہوں نے کچھ بُرا نہیں کیا کیونکہ خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آپ کو ہمارے بھائی کہتے ہیں، تو جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر لفظ بھائی کا اطلاق درست ہے تو دیگر انبیاء واولیاء ائمہ وپیر پر تو بطریق اولیٰ بھائی ہونے کا اطلاق درست ہے کیونکہ وصف بشریت میں تو تمام شریک ہیں، اس لیے سید اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی مندرجہ بالا عبارت بالکل صحیح ہے اور شرعاً اس میں کسی قسم کا کوئی ابہام نہیں ہے۔

Taqwiyatul Emaan, Volume-1, Page No. 131

Commentary of this book has been written by prominent deobandi scholar Allama Abul Hasan Ali Nadvi Sahab. He also has justified the same passage diplomatically.



تقویۃ الایمان

یعنی

مجاہد اسلام عالم ربانی مولانا شاہ محمد اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ

کی

شہرۂ آفاق و معرکۃ الآرا کتاب

○

رحمۃ اللہ علیہ

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

کے

اہم و مفید تعارفی و سوانحی مقدمات، تشریحی حواشی

کے ساتھ

مکتبہ ندویہ، پوسٹ بکس ۳۵ ندوۃ العلماء

لکھنؤ، الہند

Taqwiyatul Emaan, Volume-1, Page No. 131

ف ۲ـ یعنی انسان سب آپس میں بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے بندگی اس کو چاہئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء و انبیاء، امام و امام زادہ، پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی[1]، مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے، ہم کو ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے ہم ان کے چھوٹے ہیں سو ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہئے نہ خدا کی سی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بعض بزرگوں کو بعضے درخت اور بعضے جانور مانتے ہیں چنانچہ بعضے درگاہوں پر شیر حاضر ہوتے ہیں اور بعضے پر ہاتھی اور بعضے پر بھیڑیئے[2]، مگر آدمی کو اس کی کچھ سند نہ پکڑنی چاہئے بلکہ آدمی ویسی ہی تعظیم کرے کہ اللہ نے بتلائی ہو اور شرع میں جائز ہو مثلاً قبروں پر مجاور بننا شرع میں نہیں بتایا سو ہرگز نہ بنے اور کسی کی قبر پر کوئی شب و روز بیٹھا رہتا ہو تو اس کی سند نہ پکڑے کہ آدمی کو جانور کی ریس نہ کرنی چاہئے۔

أَخْرَجَ أَبُوْدَاوٗدَ عَنْ قَيْسِ بْنِ	مشکوٰۃ کے باب عشرۃ النساء
سَعْدٍ قَالَ أَتَيْتُ الْحِيْرَةَ	میں لکھا ہے کہ ابوداؤد نے ذکر کیا کہ
فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُوْنَ لِمَرْزُبَانٍ	قیس بن سعد نے نقل کیا کہ گیا میں ایک
لَهُمْ فَقُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ	شہر میں جس کا نام حیرہ ہے سو دیکھا میں
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ	میں نے وہاں کے لوگوں کو کہ سجدہ
أَنْ يُّسْجَدَ لَهٗ فَأَتَيْتُ	کرتے تھے اپنے راجہ کو سو کہا میں نے
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ	البتہ پیغمبر خدا زیادہ لائق ہیں کہ سجدہ


---

[1] حقیقت اور مخلوق ہونے میں سب ایک، باپ ایک، تم میں ہر فرد آدمؑ سے بنا ہے اور آدمؑ مٹی سے بنے تھے

[2] اس کا راز اور اس کی حکمت خدا ہی کے علم میں ہے،

Muta'ala Barelviat, Volume-1

In this book, Dr. Khalid Mahmood Sahab has justified that the passage of Taqwiyatul Emaan is correct and no blasphemy in that.


ایک تاریخی، فکری اور تحقیقی جائزہ

مُطالعۂ بریلویّت

جلد اوّل

مُصنّفہ

ڈاکٹر علامہ خالد محمود ایم اے؛ پی ایچ ڈی

ڈائرکٹر اسلامک اکیڈیمی مانچسٹر

تقریظ

حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب

مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند

حافظی بکڈپو دیوبند یو۔پی

Hafzi Book Depot, Deoband (U.P.)

یقین کیجئے حضرت مولانا اسماعیل شہیدؒ نے یہ الفاظ نزول عیسےٰ بن مریمؑ کی حدیث کے تحت ہرگز نہ لکھے تھے۔ یہ الفاظ تقویۃ الایمان میں حدیث نزول عیسےٰ بن مریمؑ سے پہلے مرقوم ہیں۔ اسے اس حدیث کے بعد کے الفاظ بنا لینا یہ مولانا احمد رضا خاں کی نہایت بدترین خیانت ہے۔ یہ کہنا کہ اب نہ خروج دجال کی حاجت[1] رہی نہ نزول مسیح کی ضرورت۔ اندھیرے پہ اندھیرا اور جھوٹ پر جھوٹ اور بہتان پر بہتان ہے۔ مولانا احمد رضا خاں کی اس ہاتھ کی صفائی پر علمائے یہود بھی حسرت کے ہاتھ ملتے ہوں گے۔

بریلوی اپنے پیشوا کی اقتدا میں

جن بریلوی علماء نے مولانا احمد رضا خاں کو اپنا امام مانا انہوں نے اپنے امام کی پیروی میں مولانا شہیدؒ پر افترا باندھنے کی مہم برابر جاری رکھی۔ اس کے بھی دو نمونے ملاحظہ کیجئے اور ستمگروں کے ستم کی داد دیجئے۔

بڑے بھائی کے برابر درجہ ماننے کی تہمت

حضرت مولانا اسماعیل شہیدؒ کا یہ عقیدہ ہرگز ہرگز نہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ (معاذ اللہ) بڑے بھائی کے برابر ہے آپ تو حضور پاک صلے اللہ علیہ وسلم کو سارے جہاں کا سردار مانتے تھے۔ آپ لکھتے ہیں :-

> ہمارے پیغمبر سارے جہاں کے سردار ہیں کہ اللہ کے نزدیک ان کا مرتبہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کے احکام پر سب سے زیادہ قائم ہیں اور لوگ اللہ کی راہ سیکھنے میں ان کے محتاج ہیں[2]

آپ یہ بھی لکھ آئے ہیں :-

> بشر کے حق میں رسالت سے بڑا کوئی مرتبہ نہیں اور سارے مراتب اس سے نیچے ہیں[3]

---

[1] خروج دجال کے انتظار کو خروج دجال کی حاجت قرار دینا مولوی احمد رضا خاں کے ذہنی پس منظر کی عجیب تصویر ہے۔ [2] تقویۃ الایمان ص۵۵ [3] ایضاً ص۵۴

Muta'ala Barelviat, Volume-1, Page No. 296

اب بھی اگر کوئی شخص یہ کہے کہ آپ کے عقیدہ میں رسالت کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے تو مسلمانوں پر بہتان باندھنے کی سزا کے لیے آخرت میں تیار رہے جہاں جاہل مرید اور ان پڑھ مقتدی فورے لگا کر ساتھ نہ دے سکیں گے۔

مرتبہ اور بدنی تعظیم میں فرق

انبیاء کرام کا مرتبہ بیشک مخلوقات میں سب سے اعلیٰ ہے۔ بشر کے حق میں رسالت سے بڑا کوئی مرتبہ نہیں لیکن جہاں تک انبیاء کرام کی بدنی تعظیم کا تعلق ہے رکوع اور سجدہ ان کے لیے ہرگز جائز نہیں۔ ان کی تعظیم بڑے انسانوں کی سی کیجئے نہ کہ خدا کی سی۔ انبیاء کی بدنی تعظیم صرف اتنی کیجئے جو چھوٹے درجہ کے انسان بڑے انسانوں کی کرتے ہیں۔ صحابہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تعظیمی سجدے کی اجازت چاہی تو آپ نے منع فرمایا۔ ارشاد فرمایا:۔

اعبدو ربکم واکرموا اخاکم [1]

(ترجمہ) عبادت اپنے رب کی ہی کرو اور اپنے بھائی کی عزت کرو۔

آپ نے اس حدیث پاک میں تعظیمی سجدے کو سجدہ عبادت ہی قرار دیا کیونکہ اس شریعت میں تعظیمی سجدے کا کوئی وجود نہیں۔ جہاں تک بڑوں کی تعظیم کا تعلق ہے انہیں بھائی کہہ کر اتحاد نوعی پر متنبہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اپنے بھائی کی عزت کرو۔

یہ الفاظ حدیث کے تھے جنہیں بیان کرنے پر بریلویوں نے یہ افترا باندھ رکھا ہے کہ مولانا شہیدؒ کے عقیدے میں نبی کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) حالانکہ رتبے اور تعظیم بدنی میں بڑا فرق ہے۔ تعظیم بدنی کو مرتبے اور درجے کا موضوع قرار دینا حماقت اور منافقت کی انتہا ہے۔

باقی رہا یہ موضوع کہ بھائی کا لفظ کسی پہلو سے بھی پیغمبر اور امتی کے درمیان نہیں آسکتا سو اس کیلئے مولانا احمد رضا خاں کی نقل کردہ ایک حدیث یاد رکھیے۔

---

[1] مشکوٰۃ ص ۲۸۳ عن احمد

۲۹۷

خود مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دُعا چاہی جب وہ مکہ معظمہ جاتے تھے ارشاد فرمایا لا تنسانا یا اخی فی دعائک اے بھائی اپنی دعا میں ہمیں نہ بھول جانا۔ رواہ ابو داؤد رضی اللہ تعالیٰ عنہ احمد و ابن ماجہ کی روایت میں ہے فرمایا اشرکنا یا اخی[1] فی صالح دعائک و لا تنسانا بھائی اپنی نیک دعا میں ہمیں بھی شریک کر لینا بھول نہ جانا

حیات النبیؐ کے انکار کی تہمت

بریلوی مذہب والے علمائے دیوبندؒ پر اعتراض کرتے ہیں کہ وہ نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات فی القبر کے قائل نہیں اس بہتان کے لیے وہ مولانا شہیدؒ کی اس عبارت سے استدلال کرتے ہیں:۔

میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں تو کب سجدے کے لائق ہوں سجدہ تو اسی ذات پاک کو ہے کہ نہ مرے کبھی[2]

اس عبارت کا مطلب علماء دیوبندؒ کے نزدیک کیا ہے؟ وہ یہاں مٹی میں ملنے کا کیا معنی مراد لیتے ہیں (۱) مٹی ہو جانا یا (۲) مٹی سے ملاحق و ملاقی ہونا؟ قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا جواب ملاحظہ کیجئے۔ علماء دیوبند کے ہاں یہی اس کی مراد ہے:۔

مٹی ہونے اور مٹی میں ملنے میں فرق

"مٹی میں ملنے کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ مٹی ہو کر مٹی زمین کے ساتھ خلط ہو جائے جیسا سب اشیاء زمین میں پڑ کر خاک ہو کر زمین ہی بن جاتی ہیں دوسرے مٹی سے ملاقی و متصل ہو جانا یعنی

Mutala Barelviat, Vol-1. Dr. Khalid Mahmood.


مرحوم بھی قائل ہیں چونکہ مُردہ کو چاروں طرف سے مٹی احاطہ کر لیتی ہے اور نیچے مُردہ کے مٹی سے جسد ملے کفن ملاحق (ملاقی) ہوتا ہے یہ مٹی میں ملنا اور مٹی سے ملا کہلاتا ہے کچھ اعتراض نہیں فقط واللہ اعلم بالصواب[3]" ——— مٹی میں ملنے کے جب وہ معنی ہو سکتے ہیں جو انبیاء کرام کے اجساد کریمہ کی حفاظت کو متضمن ہوں تو تقویۃ الایمان کی عبارت آپ کی حیات فی القبر کے خلاف نہ رہی

---

[1] مشکوٰۃ ص ۱۹۵ [2] فتاویٰ رضویہ جلد ۴ ص ۲۴۶ [3] تقویۃ الایمان ص [4] فتاویٰ رشیدیہ ص

Muta'ala Barelviat, Volume-8, Page No. 335

Dr. Khalid Mahmood Sahab is defending the passages of Taqwiyatul Emaan in Muta'ala Barelviat, Volume-1, Page No. 297 but same time in Volume-8 he is recording all the contents from Al Muhannad in that both are contradicting each other. The passages which are justified in Volume-1 are being refuted in Volume-8. This is called contradiction and ignorance.



Muta'ala Barelviat, Volume-8, Page No. 360

اجلال برهانه وتفضيله وتبجيله صلى الله عليه وسلم كما حققها المحققون من سادتنا العلماء كالشيخ الاكبر والتقي السبكي وقطب العالم الشيخ عبد القدوس الگنگوهي رحمهم الله تعالى لم يجم حول سرادقات ساحته فهما نظن ونرى ذهن كثير من العلماء المتقدمين والاذكياء المتبحرين في هرعند المبتدعين من اهل الهند كفر وضلال ويوسوسون الى اتباعهم واوليائهم انه انكار لخاتمية صلى الله عليه وسلم. فهيهات وهيهات و لعمري انه لافرى الفرى واعظم زور وبهتان بلا امتراء باحملهم على ذلك الا الحقد والشحناء والحسد والبغضاء لاهل الله تعالى وخواص عباده وكذلك جرت السنة الالهية في انبيائه واوليائه۔

اس ہندوستان کے بدعتیوں کے نزدیک کفر وضلال بن گیا۔

یہ مبتدعین اپنے چیلوں اور تابعین کو یہ وسوسہ ڈالتے ہیں کہ یہ تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا انکار ہے۔ افسوس، صد افسوس! قسم ہے اپنی زندگی کی کہ ایسا کہنا پرلے درجہ کا افترا ہے اور بڑا جھوٹ و بہتان ہے۔ جس کا باعث محض کینہ و عداوت و بغض ہے۔ اہل اللہ اور اس کے خاص بندوں کے ساتھ اور سنت اللہ اسی طرح جاری ہے انبیاء اور اولیاء میں۔

Extract Of Al Muhannad In Mutala Barelviat. By Dr. Khalid Mahmood.

السوال السابع عشر — سترھواں سوال

هل تقولون ان النبي صلى الله عليه — کیا تم اس کے قائل ہو کہ جناب رسول اللہ

Muta'ala Barelviat, Volume-8, Page No. 361

وسلم لا یفضل علینا الا کفضل الاخ الاکبر علی الاخ الاصغر لاغیر وھل کتب احد منکم ھذا المضمون فی کتاب۔

صلی اللہ علیہ وسلم کہ بس ہم پر ایسی فضیلت ہے جیسے بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے اور کیا تم میں سے کسی نے کسی کتاب میں یہ مضمون لکھا ہے۔

الجواب


جواب

لیس احد منا ولا من اسلافنا الکرام معتقدا بھذا البتۃ ولا تظن شخصا من ضعفاء الایمان ایضا یتفوہ بمثل ھذہ الخرافات ومن یقل ان النبی علیہ السلام لیس لہ فضل علینا الا کما یفضل الاخ الاکبر علی الاصغر فنعتقد فی حقہ انہ خارج عن دائرۃ الایمان وقد صرحت تصانیف جمیع الاکابر من اسلافنا بخلاف ذلک وقد بینوا وصرحوا وحرروا وجوہ فضائلہ واحسانا تہ علیہ السلام علینا معشر الامۃ بوجوہ عدیدۃ بحیث لا یمکن اثبات مثل بعض تلک الوجوہ لشخص من الخلائق فضلا عن جملتھا ولن

ہم میں اور ہمارے بزرگوں میں سے کسی کا بھی یہ عقیدہ نہیں ہے اور ہمارے خیال میں کوئی ضعیف الایمان بھی ایسی خرافات زبان سے نہیں نکال سکتا اور جو اس کا قائل ہو کہ نبی کریم علیہ السلام کو ہم پر بس اتنی ہی فضیلت ہے جتنی بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے تو اس کے متعلق ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ وہ دائرۂ ایمان سے خارج ہے اور ہمارے تمام گزشتہ اکابر کی تصنیفات میں اس عقیدہ واہیہ کا خلاف مصرح ہے اور وہ حضرات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات اور وجوہ فضائل تمام امت پر بتصریح اس قدر بیان کر چکے اور لکھ چکے ہیں کہ سب کیا ان میں سے کچھ بھی مخلوق میں سے کسی شخص کے لیے ثابت نہیں ہو سکتے۔ اگر کوئی شخص

Shariat Ya Jihaalat, Page No. 216

Palan Haqqani Sahab also justifying the passage of Taqwiyatul Emaan.



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

كِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰهُ اِلَيۡكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوۡۤا اٰيٰتِهٖ

وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ

یہ بابرکت کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر اس واسطے نازل کیا ہے کہ
لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر سے کام لیں اور دانشمند لوگ نصیحت
حاصل کریں (قرآن حکیم، پارہ ۲۳ سورہ صٓ رکوع ۳، آیت ۲۹)۔

شریعت یا جہالت؟

تالیف

مبلغ دین ربانی جناب محمد پالن صاحب حقانی عفا عنہ الباری

ناشران

محمد پالن حقانی، مل پلاٹ، پوسٹ، وانکانیر

ڈسٹرکٹ راجکوٹ (گجرات)

ربانی بکڈپو کٹڑہ شیخ چاند لال کنواں دہلی ۶

Shariat Ya Jihaalat, Page No. 216

(۲۶)


بھائی ہم کہتے ہیں یا ہم کو کہا ہے؟

میرے عزیز دوست! آج ہندوستان میں بعض جگہ پر اس بات پر جھگڑے چل رہے ہیں کہ فلاں فلاں لوگ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے بڑے بھائی کے برابر سمجھتے ہیں، یہ کوئی کہنے جیسی بات ہے۔ میرے دوستو! یہ بات عقل کے خلاف ہے۔ کوئی شخص مسلمان ہو کر ایسا کلمہ بھی زبان سے نکالے، مگر بات یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی مہربانی اور رحمدلی سے ہم پر یہ کرم کیا ہے کہ آپ خود ہمیں بھائی کہتے ہیں۔ اب یہ حدیث اگر کوئی حق پرست عالم اپنے وعظ میں بیان کرتے ہیں تو فتنہ پرداز لوگ فوراً فتنہ برپا کر دیتے ہیں اور ہوا ایسی پھیلاتے ہیں کہ دیکھو دیکھو یہ مولوی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھائی کہتا ہے اور اپنے بھائی کے برابر سمجھتا ہے۔ اس کا عقیدہ خراب معلوم ہوتا ہے۔ یہ وہابی، دیوبندی یا تبلیغی معلوم ہوتا ہے۔ اس کا وعظ سننا حرام۔ اس سے جو شخص محبت رکھے اُس سے بھی سلام و کلام حرام جہالت کی بھی کوئی حد ہے۔

میرے عزیز دوست! یہ نفس پرست اور فتنہ پرداز کتنا الٹا سمجھاتے ہیں اور ہمارے بعض مسلمان بھائی ان کی باتوں کو سچ مان لیتے ہیں اور خود اپنی عقل سے کچھ نہیں سوچتے نہ کچھ تحقیقات کرتے ہیں کہ یہ جو کہتا ہے وہ آخر سچا ہے یا جھوٹا۔

Shah Ismail Aur Biddation Kay Ilzamaat

The author is justifying the same passage of Taqwiyatul Emaan.



Shah Ismail Aur Biddation Kay Ilzamaat, Page No. 40

Book: Shah Ismail Shaheed Aur Biddation Kay Ilzamaat By Manzoor Nomani.

حضرت شہیدؒ پر دوسرا بہتان

منجملہ اُن افترا آت کے جو حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہیدؒ فی سبیل اللہ پر باندھے گئے ہیں ایک بہتان یہ بھی ہے کہ مولانا ممدوح نے (معاذ اللہ) حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کہا ہے کہ "آپ کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے اور صرف بڑے بھائی جیسی ہی آپ کی تعظیم وتوقیر کرنی چاہئے" اور اس بہتان کی بنیاد تقویۃ الایمان کی ایک عبارت پر رکھی جاتی ہے جو اس کی پانچویں فصل میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث کے فائدے کے ذیل میں لکھی گئی ہے، قبل اس کے کہ ہم ناظرین کے سامنے وہ اصل عبارت مع شرح کے پیش کریں بطور تمہید کے کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں۔

دین وشریعت کی زبان میں اور عام محاورہ میں بھی اخوت، برادری، بھائی چارہ، کئی قسم پر ہے۔

(۱) ایک اخوت نسبی جو ایک باپ کے دو بیٹوں میں، یا ایک دادا کے دو پوتوں میں ہوتی ہے۔ قرآن عزیز میں میراث کی آیتوں میں جہاں کہیں "اَخٌ" یا "اَخُوَۃٌ" کا لفظ آیا ہے وہاں یہی اخوت مراد ہے، نیز ہارون علیہ السلام کو قرآن عزیز میں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بھائی کہا گیا ہے اس سے بھی یہی نسبی

فرمایا لہٰذا مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ کو ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ اس اخوت کی شرح کریں کہ یہ اخوت کس قسم کی ہے، آیا نسبی ہے یا وطنی، دینی ہے یا جنسی؟ پس چونکہ یہاں اُنکِرمُوْا اَخَاکُمْ ۔ اُعْبُدُوْا رَبَّکُمْ، کے مقابلہ میں وارد ہوا تھا، اس لئے حضرت شہیدؒ نے جنسی اخوت کو ترجیح دی ہے، چنانچہ حدیث مذکور پر فائدہ لکھتے ہیں کہ:

> ''یعنی انسان سب آپس میں بھائی بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے، سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے، بندگی اس کو چاہئے''۔

اس عبارت میں معترضین کا بڑا فریب یہ ہے کہ اس میں جو بڑے بھائی کا لفظ آیا ہے وہ اس سے بڑا نسبی بھائی مراد لے لیتے ہیں، حالانکہ ظاہر ہے کہ یہاں بھائی اور بڑے بھائی کے الفاظ سے صرف جنسی بھائی مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ تمام بنی آدم آپس میں جنسی بھائی ہیں ان میں جو بڑے مرتبہ کے ہیں وہ بڑے جنسی بھائی ہیں، اُن کی تعظیم ایسی ہی ہونی چاہئے جو بڑے مرتبہ کے ہم جنس بھائیوں کے لئے سزاوار ہوتی ہے نہ خدا کی سی، چنانچہ آگے چل کر اسی مضمون کو خود اس طرح واضح کرتے ہیں:

> ''اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء، انبیاء، امام زادہ پیر و شہید، یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز، اور ہمارے بھائی، مگر اُن کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی

Conclusion:

1) *Al Muhannad is not a response to Hussamul Harmain since there is no correlation between these books.*
2) *Ashraf Ali Thanvi Sahab attestation in Al Muhannad is invalid because he himself defends the passages of Taqwiyatul in his books as mentioned above.*
3) *Author of Al Muhannad knows very well that, the question is about Taqwiyatul Emaan passage. But justification for that was not provided as given in other various books instead simply refused that there was no such passage in their books.*
4) *Hiding original passages.*
5) *Claiming that someone has placed such allegation upon deoband ulama and they don't possess any such beliefs.*
6) *If there is no such passage in their book then what is the necessity to defend Taqwiyatul Emaan in various books and fatawas till today?*
7) *Only references are given here and requesting you to read below referred books.*
8) *Refer* ***"Radd Al Muhannad"*** *By Allama Hashmat Ali Khan for complete details. I always suggest to review all the below mentioned books to understand the basics of* ***Hussamul Harmain & Al Muhannad background****.*
9) *Some people may object that, most of the books referred here are written after* ***Al Muhannad*** *hence not valid. Yes it is agreed that most of the books written at later stage but what was the base and root for that? All the mentioned books are defending passages of Taqwiyatul Emaan only. Hence by making such objection one cannot justify fraudulent of Al Muhannad.*

References:

1. *Hussamul Harmain By Imam Ahmed Raza.*
2. *Al Muhannad Al'al Mufannad By Khalil Ahmed Saharanpuri.*
3. *Sunni- Devbandi Conflict Timeline By Ridawi Press UK.*
4. *The Muhannad Deceit By Ridawi Press UK.*
5. *La Jawab Tahqiq-e-Waqi'iyat al-Muhannad By Maulana Mahboob Ali Khan.*
6. *Aala Hazrath Say Sawaal-o-jawaab By Madinatul Ilm Dawate Islami.*
7. *Tamheed Eman By Imam Ahmed Raza.*
8. *Ibarat-E-Aqaabir By Sarfaraz Khan Safdar.*
9. *Aqaid Ahle Sunnath Wal Jamath By Maulana Ilyas Ghumman Devbandi.*
10. *Lecture of Maulana Ilyas Ghumman In Youtube In topic "Al Muhannad".*
11. *Taqwiyatul Eman By Ismail Dehelvi.*
12. *Taqwiyatul Eman Shara By Abul Hasan Ali Nadvi.*
13. *Online Fatwa of Darul Uloom Devband.*
14. *Baraheen-E-Qatia By Khaleel Ahmed Saharanpuri.*

15. *Hazrat Shah Ismail Shaheed Aur Muaideen Ahle Biddat Kay Ilzamaat By Manzoor Nomani.*
16. *A Critique of Hussamul Harmain By Sarfaraz Khan Safdar.*
17. *Shariat Ya Jahaalat By Palan Haqqani.*
18. *Mutala Barelviat Volume-8 By Dr. Khalid Mahmood.*
19. *Hadiya Barelviat By Mufti Mohammed Mujahid.*
20. *Imdadul Fatwa Volume-5 By Ashraf Ali Thanvi.*
21. *Fatwa Mahmoodiya By Mahmood Hasan Gangohi.*
22. *Fatwa Haqqani Volume-1 By Abdul Haq.*
23. *Fatwa Raheemiya Volume-1 By Abdul Raheem.*
24. *Hadiyatul Mehdi By Waheeduz Zamaan.*
25. *Fatwa Ulama Hadees (Collection of Ahle Hadith Fatwas).*
26. *Fatwa Nazeeriya By Nazeer Husain.*
27. *Ateebul Bayaan By Allama Nayeemudeen Muradabaadi.*
28. *Daf'al Talbeesat By Allama Nayeemudeen Muradabaadi.*
29. *Qissa-E-Najd By Sarfaraz Khan.*
30. *Aqaid-E-Wahabia By Allama Ziaullah Qadri.*
31. *Wahabi Mazhab Ki Haqeeqat By Allama Ziaullah Qadri.*
32. *Fatwa Bahrul Uloom By Abdul Mannan Azmi.*
33. *Ash Shihab Saqib By Husain Ahmed Madani.*
34. *Radd – Ash Shihab Saqib By Mufti Ajmal.*
35. *Sunni Bihishti Zevar By Shayk Ul Islam Allama Madani Mian Ashrafi Jeelani.*
36. *As Sawarimul Hindiya By Hashmat Ali Khan.*
37. *Tehqeeq Al Fatwa Fee Abtal Litaqwa By Fazl E Haq Khairabaadi.*
38. *Bahar-E-Shariat By Allama Amjad Ali Azmi.*
39. *Ulama Devband Ka Tareeqi Pasmanzar By Pir Zulfiqar Ahmed Naqshbandi.*
40. *Radd Al Muhannad By Allama Hashmat Ali Khan.*
41. *Maulana Ismail Aur Taqwiyatul Emaan By Allama Zaid Abul Hasan Faruqi Mujaddadi.*

Feedback:

Please kindly send your feedback and valuable suggestion to my email for any mistakes and improvements.

Name: Kabeer Ahmed Shaik

Email: gulamnawaz@yahoo.co.in

Whatsapp: +971544 230155

Contact Details:

KABEER AHMED SHAIK
PERNAMBUT, TAMILNADU, INDIA.
Email: gulamnawaz@yahoo.co.in